طنز و مزاح

ساغر اقبالی

زباں میری ہے بات انکی

★ دوہرے ووٹ کے حق کی بات میری سمجھ میں نہیں آئی۔ (نوابزادہ نصراللہ)
سب کچھ سمجھا دے گی، بس ایک ملاقات کی آنچ

★ اعجاز الحق نے کلاشنکوف لہرائی، لیکن حکومت کی شرافت ہے کہ انہیں چھوڑ دیا گیا۔ (آصف زرداری)
حکومت اور...... شرافت! جوڑی ٹھیک نہیں۔

★ ہر ناچنے گانے والا، بلا گھمانے والا سیاست دانوں کو گالیاں دیتا ہے۔ (افتخار گیلانی)
اور دینے کےلئے بچا ہی کیا ہے؟

★ پاکستان کوارٹر فائنل جیت جاتا تو نعیم شری کو نہ مارا جاتا۔ (آفتاب شیخ)
اسے کہتے ہیں "ناروں گھٹنا پھوٹے آنکھ"

★ رقص و سرود کائنات کا ضروری حصہ ہیں۔ (اقبال حیدر)
آپ کےلئے بھی ضروری ہے کہ مع اہل و عیال اچھلو، کودو، ناچو، گاؤ

★ اداس چہرے، لٹکے منہ، جھکے ہوئے سر، کرکٹ ٹیم کی وطن واپسی (ایک خبر)
بھیڑا حال تے بونکے دہاڑے۔ "نیلے پیر تے کالے منہ"

★ (ٹوبہ ٹیک سنگھ) بھینس کے پیٹ میں تین انسانی لاشیں۔ (ایک خبر)
ہر جاگیردار کے پیٹ میں پتہ نہیں کتنی لاشیں ہیں۔

★ پیسہ ہمارا مقصد حیات بن چکا ہے۔ (نصراللہ خان)
سچ بولنا کب سے شروع کیا ہے؟

★ چیف جسٹس کی بیٹی کے گھر دوسرا چھاپہ شرمناک واقعہ ہے۔ (مشاہد حسین)
جن پہ تکیہ تھا وہی "گتے" ہوا دینے لگے۔

★ بے نظیر، نواز شریف، عمران خان کو لیڈر تسلیم نہیں کرتا۔ (قاضی حسین احمد)
پیسہ بڑا کہ بھیا، سب سے بڑا روپیہ

★ ایسے کام کروں گا کہ بعد میں آنے والے "وخت" میں پڑ جائیں گے۔ (نکئی)
فی الحال تو ۸ کروڑ عوام وخت میں پڑے ہوئے ہیں۔

★ عورتوں کو بھی دوہرے ووٹ کا حق دیں گے۔ (بے نظیر)

اس لئے کہ اسلام نے عورت کو آدھے ووٹ کا حق دیا ہے۔

★ مرد اول نے ورلڈ کپ سے بھی ۱۰ کروڑ نکال لئے۔ (پیٹر بنیامین)

اور وسیم اکرم کی طرح اپنی بریت کی قسمیں بھی کھا رہا ہے۔

★ غیر مسلم رکن اسمبلی وزیر اعلیٰ بن سکتا ہے۔ (ایڈووکیٹ جنرل)

پھر پاکستان بنانے کی کیا ضرورت تھی!

★ کسی کو معاشی زیادتی نہیں کرنے دیں گے۔ (بے نظیر)

اجتماعی زیادتی کی جو اجازت دے رکھی ہے۔

★ کراچی اور لاہور کے درمیان بلاول ایکسپریس چلائی جائے گی۔ (ایک خبر)

نظام سقے کی روایت زندہ کی جائے گی۔

★ پولیس کی چھتر ول کے خوف سے مزدور نے خود کشی کر لی۔ (ایک خبر)

موت سے پہلے آدمی ان سے نجات پائے کیوں؟

★ مسلم لیگی خواتین شیخ رشید کی ضمانت کی خوشی میں اعجاز بٹالوی سے بھی گلے ملیں۔ (ایک خبر)

مسلم لیگ کی خواتین ہوں یا پیپلز پارٹی کی۔ گلے ملنے میں سب کشور ناہید ہیں۔

★ قسم اٹھاتی ہوں۔ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس سے حکومت کا کوئی جھگڑا نہیں۔ (بے نظیر)

چل، جھوٹی کہیں کی!

★ وزراء کتے کی طرح دم ہلاتے ہیں۔ پنجاب اسمبلی میں ارکان کو گدھا بھینس اور الو کا خطاب (ایک خبر)

ہمارے سیاستدان گندے ہیں۔ سیاست میں بدمعاش لچے لفنگے آ گئے۔ (رامے)

کچھ رامے ہیں، کچھ گامے ہیں کچھ الٹے سیدھے جامے ہیں۔

★ ہمارا موقف ہے کہ عورت کی حکمرانی ناجائز ہے لیکن ہم نے جائز معاملات میں حکومت کی حمایت کی ہے۔ (فضل الرحمن)

ناجائز حکمرانی میں جائز معاملات کیا تاویل ہے، مولانا!

★ سرفراز نواز کو پیسے ہی لوگوں پر کیچڑ اچھالنے کے ملتے ہیں۔ (عمران خان)

وہ جمیا ہسپتال میں جمع کرا دیں۔

★ بھارت کے ہاتھوں شکست شرم کی بات نہیں۔ (سلمان تاثیر)

بے غیرتی اور کسے کہتے ہیں!

★ صدر کے بعض اقدامات سے محسوس ہوتا ہے۔ کہ کچھ ہونے والا ہے۔ (حافظ حسین احمد)

قبلہ حافظ صاحب! لیڈی ہیلتھ وزیٹر سے رجوع فرمائیں۔

★ نعیم شری اور امجد بیگ کی رسم قل ادا کی گئی۔ (ایک خبر)

سینکڑوں قتل کا ثواب پہنچایا گیا۔